# قحط سالی سے پہلے

## پانی، خوراک اور جانوروں کا چارا

**پانی۔** گھریلو استعمال کی چیزوں کا کفایت شعاری سے استعمال اور حفاظت وغیرہ

- پانی کو سایہ دار جگہ ذخیرہ کریں
- پانی کو بروقت ذخیرہ کریں
- پینے کے پانی میں پانی صاف کرنے والی گولیوں کے استعمال کو یقینی بنائیں
- پانی ضائع کرنے سے اجتناب کریں جیسے ناقص اور خراب ٹونٹی کا استعمال، ٹوٹے ہوئے پائپوں اور ٹینکیوں کی لیکج کی مرمت وغیرہ
- شام کے اوقات میں پودوں پر پانی کا چھڑکاؤ کریں تاکہ پانی بُخارات بن کر نہ اڑے
- فصل کی کٹائی کے وقت سائنسی طریقوں کا استعمال کریں تاکہ پانی کم سے کم استعمال ہو
- کپڑے دھونے، نہانے اور عام استعمال کے لئے نمکین یا کھارے پانی کا استعمال کریں
- ایمرجنسی حالات میں پانی کی سپلائی کیلئے تالاب تعمیر کریں۔کمیونٹی کے استعمال کیلئے تاریز( تالاب) کی بحالی کو یقینی بنائیں
- کھیتی باڑی کیلئے بارش کے پانی کو محفوظ کریں

## انسانی خوراک

- انسانی خوراک کے لئے مقامی سبزیاں مثلاً آلو، کساوا، مقامی سبزیاں اور ترکاری وغیرہ کاشت کریں اور اس کے لئے سائنسی طریقہ کار کو اپنائیں تاکہ پانی کا ضیاع کم سے کم ہو
- بروقت خوراک کی سٹور کریں
- کھانے پینے کی چیزیں استعمال کرتے وقت کفایت شعاری کو یقینی بنائیں
- بیج کی متواتر سپلائی اور ضروری پودوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے نرسری/بیج کو ذخیرہ کرنے کیلئے سٹور کا قیام عمل میں لائیں

## جانوروں کا چارا/خوراک

- جانوروں کے چارے کی کاشتکاری کے لئے سائنسی طریقہ کار اپنائیں تاکہ پانی کم ضائع ہو
- جانوروں کی گھاس پھوس اور جھاڑیوں کو بلاوجہ کاٹنے سے گریز کریں
- گاؤں اور اردگرد کے علاقے میں جڑی بوٹیوں کے پھلنے پھولنے کے لئے سائنسی طریقوں کا استعمال کریں اور اِن کی حفاظت کو یقینی بنائیں

# ادویات اور صحت کے متعلق حفاظتی اقدامات

## انسانی صحت کے متعلق اقدامات

- خاندان کے تمام افراد کی باقاعدگی سے ویکسینیشن کو یقینی بنائیں
- صاف پانی کے استعمال کو یقینی بنائیں اور پینے والے پانی میں پانی کو صاف کرنیوالی گولیاں استعمال کریں
- میڈیکل چیک اپ کے لئے لگاتار اور باقاعدگی سے میڈیکل سنٹر جانے کو یقینی بنائیں
- میڈیکل ٹیموں کے سروے کے وقت اس بات کو یقینی بنائیں کہ حاملہ خواتین اور چھوٹے بچوں کی باقاعدگی سے ویکسینیشن ہو چکی ہے

- حاملہ خواتین اور چھوٹے بچوں میں غذائیت والی خوراک کے استعمال کو یقینی بنائیں
- پانی صاف کرنے والے پلانٹ لگوائیں اور وہاں سے متواتر پانی پینے کو یقینی بنائیں
- جانوروں میں وبائی امراض پھوٹنے کی صورت میں سول انتظامیہ کو اطلاع دیں

**جانوروں کی صحت کے متعلق اقدامات**

- مقامی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے دیئے گئے شیڈول کے مطابق جانوروں کی باقاعدگی سے ویکسینیشن کروائیں
- جانوروں میں کسی بھی بیماری کی صورت میں بروقت علاج معالجے کو یقینی بنائیں
- وبائی امراض کی صورت میں بیمار جانوروں کی صحت مند جانوروں سے فوراً علیحدگی کو یقینی بنائیں
- وبائی امراض سے مرجانے والے جانوروں کے فوراً دفنانے کے عمل کو یقینی بنائیں
- بیمار جانوروں کے دودھ اور گوشت کے استعمال سے گریز کریں
- جانوروں میں وبائی امراض پھیلنے کی صورت میں سول انتظامیہ کو بروقت آگاہ کریں

## قحط سالی واقع ہونے پر

**ریسکو**

- اگر زندگی کے آثار باقی نہ ہوں/مشکل ہو تو کسی نزدیکی گاؤں یا قصبے میں اپنے جانوروں کے ہمراہ ہجرت کر جائیں جہاں قحط سالی کے آثار بہت کم ہوں اور وہاں پانی، خوراک، جانوروں کا چارا اور صحت کی بنیادی سہولتیں بھی دستیاب ہوں

**پانی، خوراک اور جانوروں کا چارا**

- خشک سالی کے دوران پانی کو محفوظ رکھیں
- دستیاب پانی کو آب پاشی اور عام استعمال کے دوران بہترین طریقے سے استعمال کریں
- پینے والا پانی اُبال کر پئیں
- پینے والے پانی میں پانی صاف کرنے والی گولیوں کا استعمال کریں
- میٹھا پانی صرف پینے کے لئے استعمال کریں
- کھارا/نمکین پانی عام استعمال میں لائیں
- راشن اور خوراک کو خشک سالی کے لئے محفوظ کر لیں
- صحت افزاء خوراک اور راشن جیسے دالیں، چاول، چنے وغیرہ کو استعمال کے لئے سٹور کر لیں
- خشک سالی کا مقابلہ کرنے کے لئے ایسی سبزیاں کاشت کریں جنہیں کم پانی کی ضرورت ہو جیسے میٹھا آلو، کساوا اور مقامی سبزیاں وغیرہ
- پانی کی اہمیت کو اُجاگر کرنے اور فصلوں کو بچانے کے لئے معاشرے میں تعلیم اور معلومات کا سلسلہ شروع کریں
- بچوں کو غذائیت کی کمی سے بچانے کے لئے صحت افزاء خوراک کا استعمال کریں

- انسانی خوراک کو اُ گانے کے لئے سائنسی طریقہ کا استعمال کرتے ہوئے سبزیاں کاشت کریں جیسے میٹھا آلو، کساوا اور مقامی سبزیاں وغیرہ تا کہ کم پانی کے استعمال سے زیادہ پیداوار حاصل ہو
- خوراک کے بروقت محفوظ کرنے کو یقینی بنائیں
- جانوروں کیلئے چارے کی دستیابی کو یقینی بنائیں
- کھانے پینے کی چیزوں کو کفایت شعاری سے استعمال کریں
- جانوروں کے لئے چارا کاشت کرتے وقت سائنسی طریقے کے استعمال کو یقینی بنائیں تا کہ پانی کا کم استعمال ہو
- جانوروں کے گھاس پھوس اور جھاڑیوں کو بلا وجہ کاٹنے سے گریز کریں
- گاؤں اور اِرد گرد کے علاقے میں نباتات اور جڑی بوٹیوں کے اگانے اور پھلنے پھولنے کے لئے سائنسی طریقے استعمال کریں اور ان کی حفاظت کو یقینی بنائیں

## میڈیکل اور صحت کے متعلق احتیاطی تدابیر

- خاندان کے تمام افراد کی باقاعدگی سے ویکسینیشن کو یقینی بنائیں
- صاف پانی پینے کو یقینی بنائیں
- پینے والے پانی میں پانی صاف کرنے والی گولیوں کا استعمال کریں
- ضروری چیک اَپ کے لئے میڈیکل سنٹر جانے کو یقینی بنائیں
- حاملہ خواتین اور چھوٹے بچوں کو ویکسینیشن سے میڈیکل سنٹر لے جائیں یا جب میڈیکل ٹیمیں دورہ کریں تو ویکسینیشن کروائیں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ حاملہ خواتین اور چھوٹے بچوں کو غذائیت والی خوراک مہیا کی جا رہی ہے
- جانوروں کی فوری/بروقت ویکسینیشن کروائیں
- جانوروں میں کسی بھی بیماری کی نشاندہی پر فوراً علاج معالجے کو یقینی بنائیں
- وبائی امراض کی صورت میں بیمار جانوروں کی صحت مند جانوروں سے فوراً علیحدگی کو یقینی بنائیں
- وبائی امراض سے مرجانے والے جانوروں کے فوراً دفنانے کے عمل کو یقینی بنائیں
- پانی صاف کرنے والے پلانٹ لگوائیں اور وہاں سے متواتر پانی پینے کو یقینی بنائیں
- جانوروں میں وبائی امراض پھوٹنے کی صورت میں سول انتظامیہ کو بروقت آگاہ کریں

## قحط سالی کے بعد

- زرعی شعبے میں کسانوں کو مدد فراہم کرنے کے لئے زرعی محکمہ موسمیات کے ماہرین اور آبپاشی سے متعلقہ انجینئرز کا آپس میں باہمی رابطہ / تعاون ہونا چاہیئے
- شدید متاثرہ علاقے میں نقصان کے باعث ہونیوالی کمی کو پورا کرنے کے لئے اور پیداوار بڑھانے کے لئے مناسب علاقوں میں کاشتکاری کریں